روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
پیر 28/اگست 2006ء 3 شعبان 1427 ہجری 28 ظہور 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 192

خوبیاں یاد کرو

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔

اپنے مرنے والوں کی خوبیاں یاد کیا کرو اوران کی کمزوریوں کا ذکر نہ کیا کرو۔

(جامع ترمذی کتاب الجنائز باب آخر حدیث نمبر940)

84 سال سے ممتاز جماعتی خدمات کی توفیق پانے والے، بےلوث خادم سلسلہ اور معروف قانون دان

حضرت مرزا عبدالحق صاحب رحلت فرما گئے

خلافت کے سچے وفادار، منفرد اعزازات کے مالک، نصف صدی سے ممبر صدر انجمن احمدیہ اور 35 سال تک صدر قضاء بورڈ رہے

احباب جماعت کو نہایت افسوس سے اطلاع دی جاتی ہے کہ گزشتہ 84 سال سے ممتاز جماعتی خدمات کی توفیق پانے والے، بےلوث خادم سلسلہ، عاشق قرآن، خلافت کے سچے وفادار، جماعت کیلئے غیر معمولی غیرت رکھنے والے معروف قانون دان حضرت مرزا عبدالحق صاحب سرگودھا 26۔اگست 2006ء کو بعمر 106 سال وفات پاگئے۔

پیدائش اور ابتدائی حالات

حضرت مرزا عبدالحق صاحب کی پیدائش جنوری 1900ء میں ان کے آبائی وطن جالندھر شہر میں ہوئی۔ ان کے والد بزرگوار کا نام قادر بخش صاحب تھا۔بچپن میں ہی والدین کے سایہ عاطفت سے محروم ہوگئے۔ والد صاحب کی وفات کے بعد اپنے سب سے بڑے بھائی بابو عبدالرحمٰن صاحب کے پاس شملہ میں رہے۔آپ کے چچا اور بھائی کو اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کی غلامی میں داخل ہونے کی توفیق عطا فرمائی۔

1913ء میں حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب شملہ تشریف لے گئے۔آپ کا قیام جاکھو میں حضرت نواب محمد علی خان صاحب کی کوٹھی پر تھا۔احباب جماعت کا وہاں آنا جانا رہتا۔ حضرت مرزا عبدالحق صاحب بھی حاضر ہوئے۔آپ پر حضرت صاحبزادہ صاحب کی شخصیت اور تقدس کا بہت گہرا اثر ہوا۔آپ نے 1916ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو بیعت کا خط لکھا اور احمدیت میں شمولیت کی سعادت حاصل کی۔

1921ء میں بی اے کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد آپ شملہ میں ملازم ہوگئے لیکن ڈیڑھ سال بعد ہی استعفیٰ دے کر لاء کالج میں داخلہ لے لیا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے توجہ دلانے پر آپ نے قانون کا امتحان پاس کیا۔حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے حکم کے مطابق 2 جنوری 1926ء کو آپ نے گورداسپور میں وکالت کی پریکٹس شروع کردی۔

حضرت مرزا صاحب کو خدا تعالیٰ کے فضل سے چار خلفاء کے ساتھ عقیدت ومحبت کا تعلق تھا۔

آپ نے دو شادیاں کیں ۔جن سے سات بیٹے اور تین بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

مجالس شوریٰ میں شرکت

جماعت احمدیہ کی مرکزی مجالس شوریٰ میں شرکت کا حضرت مرزا عبدالحق صاحب کو ایک منفرد اعزاز حاصل ہے۔ جو کسی اور فرد جماعت کے حصے میں نہیں آیا۔ 1922ء میں جب مجلس مشاورت کا آغاز ہوا تو آپ شملہ جماعت کے ممبر تھے وہاں سے آپ جماعتی نمائندہ کے طور پر شوریٰ میں شامل ہوئے۔اس کے بعد آپ باقاعدگی سے مجالس شوریٰ میں شرکت کرتے رہے۔ایک دو سالوں کی مجالس شوریٰ کے علاوہ آپ کو اب تک ہونے والی تمام مجالس شوریٰ میں شرکت کا اعزاز حاصل ہے۔ آپ کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دور میں اور بعد میں بھی متعدد بار مجالس شوریٰ کی صدارت کا شرف حاصل ہوا۔

علمی و تحقیقی خدمات

حضرت مرزا عبدالحق صاحب کو خدا تعالیٰ نے فہم قرآن اور تحقیق وتدقیق کا ملکہ عطا فرمایا تھا۔جلسہ سالانہ کے موقع پر خطابات ،تقاریر، مختلف اخبارات ورسائل میں شائع ہونے والے مضامین، تحقیقی کتب جو ٹھوس علمی موضوعات پر مشتمل ہیں۔آپ کی محنت کا نچوڑ ہیں۔

حضرت مرزا عبدالحق صاحب کی تصانیف مندرجہ ذیل ہیں :۔ 1۔ تنویر القلوب ۔ تین حصص 2۔صداقت حضرت مسیح موعود (اس کتاب کے متعلق ایک بزرگ نے حضرت مرزا عبدالحق صاحب کو لکھا کہ خدا تعالیٰ نے مجھے بتایا ہے کہ میں نے یہ کتاب اپنے حضور قبول کر لی ہے)3۔نزول وحی 4۔ روح العرفان 5۔ صفات باری تعالیٰ 6۔بعث بعد الموت یا اخروی زندگی 7۔انڈکس کتب حضرت مسیح موعود خطبہ الہامیہ تک 8۔ جہاد کی حقیقت 9۔نزول مسیح 10۔نوٹس قرآن کریم پر مبنی غیر مطبوعہ قلمی نسخہ۔آپ نے قرآن کے تفسیری نوٹس تحریر کر کے چھ جلدوں پر مشتمل ایک قلمی نسخہ تیار کیا جس پر آپ کی سالہا سال کی محنت صرف ہوئی جو آپ کے عاشق قرآن ہونے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

آپ کو امیر ضلع گورداسپور و امیر ضلع سرگودھا، امیر صوبہ پنجاب، ممبر صدر انجمن احمدیہ، فنانس کمیٹی کے ممبر، صدر قضاء بورڈ ، صدر وقف جدید، صدر تدوین فقہ کمیٹی، مجلس افتاء کے ممبر اور صدر کے عہدوں پر گرانقدر اور بھرپور خدمات کا موقع ملا۔

آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے حکم کے مطابق وکالت شروع کی ۔ چند سال بعد آپ نے زندگی وقف کرنے کی درخواست کی لیکن حضور نے خط لکھا کہ آپ کی زندگی وقف ہے آپ فکر نہ کریں۔

حقیقت یہ ہے کہ حضرت مرزا عبدالحق صاحب نے اپنی تمام عمر اعلیٰ درجہ کے واقف زندگی کے طور پر خدمت سلسلہ میں گزاری اور آپ کو 106 سال کی عمر میں بھی اس خدمت کی توفیق ملتی رہی۔حضرت مرزا صاحب کے مزید حالات بعد میں بیان کئے جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے ادارہ الفضل آپ کی وفات پر جملہ پسماندگان سے تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔

جماعت احمدیہ کے دیرینہ خادم اور فدائی احمدی

محترم مولانا جلال الدین قمر صاحب وفات پاگئے

احباب جماعت کو نہایت افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ نامور اور بزرگ مربی سلسلہ، فدائی اور قدیمی خادم دین محترم مولانا جلال الدین قمر صاحب مورخہ 24۔اگست 2006ء کو ساڑھے چار بجے سہ پہر فضل عمر ہسپتال ربوہ میں بعمر 83 سال وفات پاگئے۔ چندہ ماہ پہلے گرنے کی وجہ سے کولہے کی ہڈی میں فریکچر ہوگیا تھا جس کی وجہ سے آپ صاحب فراش تھے۔ آپ نصف صدی سے زائد عرصہ تک جماعت کی بےلوث خدمات سرانجام دیتے رہے۔

آپ کی نماز جنازہ مورخہ 25۔اگست 2006ء کو بعد نماز جمعہ بیت اقصیٰ ربوہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے پڑھائی۔آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے ہی دعا کرائی۔

آپ 5 مئی 1923ء کو قادیان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد صاحب کا نام مکرم علم الدین صاحب تھا۔آپ مختلف زبانوں کے ماہر سمجھے جاتے تھے اردو اور پنجابی کے علاوہ آپ کو عربی، فارسی، عبرانی ،سواحیلی لوگنڈا اور انگریزی زبانوں پر دسترس حاصل تھی۔ آپ کا وقف 5 مارچ 1946ء کو قبول ہوا اور جماعت کیلئے آپ کی عملی خدمات کا آغاز ہوا۔آپ درج ذیل تفصیل کے ساتھ مختلف جگہوں پر جماعتی خدمات سرانجام دیتے رہے۔

☆ ٹانگانیکا۔مارچ 1947ء تا دسمبر 1954ء
☆فلسطین۔دسمبر 1954ء تا 20۔اپریل 1966ء
☆یوگنڈا۔اگست 1967ء تا 20۔اکتوبر 1972ء
☆فلسطین۔اپریل 1973ء تا نومبر 1977ء
☆ کینیا۔نومبر 1977ء تا اپریل 1978ء
☆یوگنڈا۔دسمبر 1980ء تا اگست 1983ء

آپ کو جامعہ احمدیہ ربوہ میں بطور استاد ستمبر 1978ء تا دسمبر 1980ء اور 1983ء تا 2001ء

(باقی صفحہ 12 پر)

نفس کو مارو

نفس کو مارو کہ اس جیسا کوئی دشمن نہیں
چپکے چپکے کرتا ہے پیدا وہ سامان دیار
جس نے نفسِ دوں کو ہمت کر کے زیر پا کیا
چیز کیا ہیں اس کے آگے رستم و اسفند یار
گالیاں سن کر دعا دو پا کے دکھ آرام دو
کبر کی عادت جو دیکھو تم دکھاؤ انکسار
تم نہ گھبراؤ اگر وہ گالیاں دیں ہر گھڑی
چھوڑ دو ان کو کہ چھپوائیں وہ ایسے اشتہار
چپ رہو تم دیکھ کر ان کے رسالوں میں ستم
دم نہ مارو گر وہ ماریں اور کر دیں حال زار
دیکھ کر لوگوں کا جوش و غیظ مت کچھ غم کرو
شدت گرمی کا ہے محتاج باران بہار
خیر خواہی میں جہاں کی خوں کیا ہم نے جگر
جنگ بھی تھی صلح کی نیت سے اور کیں سے فرار
مجھ کو خود اس نے دیا ہے چشمۂ توحید پاک
تا لگا دے از سر نو باغ دیں میں لالہ زار
مجھ کو دے اک فوق عادت اے خدا جوش و تپش
جس سے ہو جاؤں میں غم میں دیں کے اک دیوانہ وار
وہ لگا دے آگ میرے دل میں ملت کیلئے
شعلے پہنچیں جس کے ہر دم آسماں تک بیشمار
اے خدا تیرے لئے ہر ذرہ ہو میرا فدا
مجھ کو دکھلا دے بہار دیں کہ میں ہوں اشکبار
خاکساری کو ہماری دیکھ اے دانائے راز
کام تیرا کام ہے ہم ہو گئے اب بے قرار
اک کرم کر پھیر دے لوگوں کو فرقاں کی طرف
نیز دے توفیق تا وہ کچھ کریں سوچ اور بچار
پیشہ ہے رونا ہمارا پیش رب ذوالمنن
یہ شجر آخر کبھی اس نہر سے لائینگے بار

(درثمین)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ماہ رمضان المبارک اور انفاق فی سبیل اللہ

۞ اس مبارک مہینہ میں رسول اکرم ﷺ کی صدقہ و خیرات کی رفتار تیز آندھی سے مشابہت رکھتی تھی۔ حدیث وسنت سے معلوم ہوتا ہے کہ رمضان المبارک اور انفاق فی سبیل اللہ کا باہم گہرا تعلق ہے۔ اسی لئے حضرت مصلح موعود نے اس مبارک مہینہ میں تحریک جدید کے وعدہ سے سبکدوش ہونے کو بہت پسند فرمایا اور 29 رمضان المبارک کی دعائیہ تقریب میں ان خوش نصیب مخلصین کیلئے خصوصی دعا کی روایت قائم فرمائی جو اس تاریخ سے قبل اپنے وعدے ادا کر دیتے ہیں۔

امسال بھی انشاء اللہ ایسے خوش نصیب مخلصین کیلئے 29 رمضان المبارک 22۔اکتوبر 2006ء کی دعائیہ تقریب کے موقعہ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دعا کی درخواست کی جائے گی۔ زیادہ سے زیادہ احباب وخواتین اللہ تعالیٰ کی رضا اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی دعاؤں سے مستفید ہونے کی سعی فرمائیں۔ عہدیداران سے درخواست ہے کہ 28 رمضان المبارک 21۔اکتوبر 2006ء تک دعائیہ فہرستیں مرکز میں پہنچا دیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو مقبول خدمت بجالانے کی توفیق بخشے۔ آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید)

گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین کا B.A/B.Sc کا شاندار نتیجہ

۞ امسال کالج ہذا کے B.Sc کے امتحان میں نو طالبات نے شرکت کی اور فزکس اور ریاضی میں شاندار نمبر حاصل کئے یہ کالج میں B.Sc کا پہلا سیشن ہے۔ جبکہ B.A/B.Sc کے امتحان میں کل 132 طالبات شریک ہوئیں۔ اور 130 کامیاب رہیں۔

(پرنسپل گورنمنٹ جامعہ نصرت ربوہ)

داخلہ ٹیسٹ سال 07-2006ء

(طاہر پرائمری، بیوت الحمد پرائمری، مریم گرلز ہائی سکول)

تینوں سکولز میں داخلے کیلئے درج ذیل امور کی پابندی لازمی ہوگی۔

☆ اول ادنیٰ میں داخلہ کے وقت بچے/بچی کی عمر ساڑھے چار سال سے کم اور چھ سال سے زائد نہ ہو

☆ داخلہ فارم کے ساتھ برتھ سرٹیفیکیٹ جمع کروانا لازمی ہوگا۔

☆ برتھ سرٹیفیکیٹ یا داخلہ فارم پر کسی قسم کی Cutting یا Over Writing قابل قبول نہ ہو گی۔

☆ تینوں سکولز میں اول ادنیٰ میں داخلہ جات کیلئے ٹیسٹ 29۔اگست 2006ء کو صبح نو بجے ہوگا۔

☆ طاہر پرائمری سکول میں باقی کلاسز میں داخلہ 30۔اگست کو صبح نو بجے ہوگا۔ جبکہ بیوت الحمد پرائمری سکول میں اول اعلیٰ تا پنجم اور مریم گرلز ہائی سکول میں کلاس چہارم تا ششم، ہشتم اور نہم میں داخلے کیلئے ٹیسٹ بھی 30۔اگست 2006ء کو صبح نو بجے ہوگا۔

☆ داخلہ ٹیسٹ پاس کرنے کے بعد School Leaving Certificate بھی پیش کرنا ہوگا۔

☆ داخلہ فارم اور پراسپیکٹس نیز مزید معلومات کیلئے سکول سے رابطہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

بجلی بند رہے گی

۞ مورخہ 28۔اگست کو صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک تمام ربوہ کو بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ اسی طرح 31۔اگست نیو فیڈر چناب نگر بند رہنے کی وجہ سے مندرجہ ذیل محلّہ جات متاثر ہونگے۔ مسلم کالونی، دارالنصر، دارالبرکات، دارالعلوم اور مضافات۔

احباب نوٹ فرمالیں۔

(اسسٹنٹ مینیجر فیسکو چناب نگر)

بازیافتہ بیگ

۞ ایک عدد بیگ جس میں کچھ کپڑے ہیں۔ کالج روڈ سے ملا ہے۔ جن صاحب کا ہو دفتر الفضل سے رابطہ کریں۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

نکاح

۞ مکرم مبارک احمد صاحب چک نمبر 195 ر۔ب جنڈانوالہ ضلع فیصل آباد تحریر کرتے ہیں کہ میرے بھانجے مکرم مولود شہزاد مدثر صاحب ابن مکرم مظفر احمد صاحب چک نمبر 195 ر۔ب جنڈانوالہ ضلع فیصل آباد کے نکاح کا اعلان مکرمہ طیبہ بشریٰ صاحبہ بنت مکرم نیک محمد صاحب ملبورن آسٹریلیا کے ساتھ مکرم محمود احمد شاہد صاحب امیر جماعت احمدیہ آسٹریلیا نے جلسہ سالانہ سڈنی کے موقع پر مورخہ 16۔اپریل 2006ء کو کیا بعد میں ازراہ شفقت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے بابرکت فرمائے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

محمود احمد ملک صاحب

میرے والد مکرم عبدالجلیل عشرت صاحب
اور ہمارے خاندانی حالات

﴿قسط سوم آخر﴾

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے تعلق

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث والد مرحوم کے ساتھ بہت شفقت اور محبت کا سلوک فرماتے۔ یہ تعلق دیرینہ تھا۔ والد صاحب پچاس کی دہائی کا ایک واقعہ بہت محبت سے بیان کرتے کہ ایک دفعہ اپنے دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل لاہور میں اپنی دفتر کی میز پر سر جھکائے اپنے کام میں مگن تھا کہ کوئی ان کی میز کے پاس آیا ہے۔ ایک بارعب اور دلنواز ''السلام علیکم'' کی آواز سن کر یک دم نگاہ جو اوپر کی تو اپنے سامنے سیدنا و امامنا حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب کو موجود پایا۔ جو کسی دفتری کام کے سلسلہ میں بنفس نفیس تشریف لائے تھے۔ یہ ایک خوشگوار حیرت والا منظر تھا۔

حضور سے تعلق محبت و وفا ہمیشہ قائم رہا۔ خلافت ثالثہ کے دور با سعادت میں حضور نے اباجان مرحوم کو بعض اہم جماعتی امور تفویض فرمائے جو آپ نے تندہی سے سرانجام دیئے اور اس طرح حضور کا اعتماد اباجان کو حاصل تھا۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے خطبہ جمعہ فرمودہ 19 جون 1970ء میں حدیقۃ المبشرین کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ:۔

''اب میں نے نظام بدل کر اس کا اعلان کر دیا ہے۔ اس کے لئے میں ایک کمیٹی بناؤں گا۔ کیونکہ اس کے لئے بہت سی دفتری باتیں ہیں۔ ان کا فیصلہ کرنا ہے۔ ان کے پراویڈنٹ فنڈ اور ان کے حقوق وغیرہ کے متعلق ان سب امور پر غور کر کے اس پول کے اندر لے کر آنا ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے مالی معاملات کے احمدی ماہر اس وقت گورنمنٹ میں کام کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک کو میں نے پیغام بھیج دیا ہے کہ ایک ہفتہ کی چھٹی لے کر یہاں آجاؤ۔ تب وہ پول میں جائے گا۔ (الفضل 30 جولائی 1970ء)

مندرجہ بالا ارشاد کے تحت حضور نے والد مرحوم کو (جو اے جی آفس میں مختلف حیثیتوں اور شعبوں میں کام کرتے رہے تھے اور پراویڈنٹ فنڈ اور دیگر مالی امور کا تجربہ رکھتے تھے) یاد فرمایا۔ اباجان مرحوم نے اپنی ڈائری میں لکھا کہ حضرت صاحب نے 19 جون 1970ء کے خطبہ جمعہ میں خاکسار کا ذکر فرمایا۔ نیز والد مرحوم نے لکھا کہ

''19 جون 1970ء کی شام کو حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضور نے خوشنودی کا اظہار فرمایا۔ پوچھا کہ کیا ایک ہفتہ کے لئے آئے ہو۔ (نماز عشاء کے وقت حضور بیت مبارک میں تشریف لائے تو مجھے دیکھ کر عجیب پیاری مسکراہٹ لبوں پر آئی)۔ میں نے عرض کیا کہ نہیں حضور! ایک دن کے لئے آیا ہوں۔ کراچی 21 جون کو جانا ہے۔ فرمایا اچھا۔ صبح بات کریں گے۔۔۔۔''۔

اگلے روز اباجان حاضر خدمت ہوئے تو فرمایا۔ ''اب تو کراچی جاؤ۔ Settle ہو جاؤ تو پھر ایک ہفتہ کی رخصت لینا۔ جلدی نہیں ہے۔ میں نے خطبہ میں جامعہ سے فارغ ہونے والوں کے لئے پول کا اعلان کیا ہے۔ ان لوگوں کے لئے ایک بورڈ بناؤں گا۔ ان کے پراویڈنٹ فنڈ وغیرہ کے متعلق فیصلہ کرنا ہے۔ تمہارے ساتھ آدمی کر دوں گا''۔

اباجان مرحوم کو سٹینڈنگ فنانس کمیٹی اور دیگر امور کی بجا آوری کے دوران حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے ملاقات کی سعادت ملتی۔ اس کے علاوہ بھی بغرض دعا اپنے ذاتی امور میں مشورے کے لئے حضور کی خدمت میں حاضری کی توفیق ملتی۔ ان ملاقاتوں سے واپس آکر بڑی تفصیل کے ساتھ بہت مزے لے لے کر اور بہت محبت سے ان ملاقاتوں کا حال اہل خانہ کے سامنے بیان کرتے۔ جس میں ہم سب کے دل میں بھی حضور سے محبت اور حضور سے ملاقات کی خواہش مہمیز پکڑتی۔

اباجان نے ایک مکان فروخت کیا۔ حضور نے دوران مشورہ ارشاد فرمایا کہ اس رقم کو جلد کسی دوسری جائیداد کی خرید میں استعمال کریں۔ اس ارشاد کی حکمت یہ تھی کہ یہ رقم عام روزمرہ کی ضرورتوں میں استعمال ہو کر ضائع نہ ہو جائے اور اباجان مرحوم نے اس نصیحت پر عمل کر کے فائدہ اٹھایا۔ اباجان مرحوم نے بعض اور جائیدادیں بھی فروخت کیں لیکن ہر دفعہ فروخت سے حاصل شدہ رقم جائیداد کی خرید پر ہی استعمال کی اور اس طرح نقصان سے محفوظ رہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے چہرے پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی اور آپ کی طبیعت میں شگفتگی تھی۔ ہلکے پھلکے انداز میں نصیحت بھی فرماتے۔ خاکسار کے رشتہ کے سلسلہ میں والدین تلاش میں تھے اور حضور ان کوششوں سے کسی حد تک آگاہ تھے اور مناسب رنگ میں رہنمائی بھی فرماتے۔ جب خاکسار کا رشتہ مکرم شمس الحق خان صاحب مرحوم آف کوئٹہ نمائندہ روزنامہ ''ڈان'' کی صاحبزادی کے ساتھ ہو گیا اور خاکسار کی شادی کے بعد اباجان مرحوم حضور سے ملاقات کے لئے حاضر ہوئے۔ حضور نے اپنے مخصوص متبسم انداز میں فرمایا ''عشرت صاحب! آپ نے محمود کی شادی اپنی ککے زئی برادری میں ہی کی ہے نا! اب جھگڑے لے کر میرے پاس نہ آنا!''۔ حضور کا پیار کا یہ انداز تھا۔ حضور کی توجہ اور دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ ہم دسمبر 2006ء میں اپنی کامیاب اور خوشگوار عائلی زندگی کی تیسویں سالگرہ اللہ کے بے پایاں فضلوں کی حمد کرتے ہوئے منا رہے ہیں۔

کئی دفعہ ہوتا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اور ان کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اباجان مرحوم کے خط میں اس عاجز کو سلام کا تحفہ بھجواتے اور خاکسار کے خط کے جواب میں اپنے خط میں والد مرحوم کے نام سلام کا تحفہ موصول ہوتا اور ہمارے خاندان کے شب و روز کو منور کرتا۔ خلفائے سلسلہ کی کریمانہ نوازشات ہر احمدی گھرانے کی متاع بے بہا ہیں۔ یہ ہماری حوصلہ افزائی کرتی ہیں اور اخلاص اور ایمان میں آگے سے آگے قدم بڑھانے میں مہمیز کا کام دیتی ہیں۔

خلفاء کی ہمارے حق میں دعائیں خدا تعالیٰ سنتا ہے اور ان سے ہمارے دین و دنیا سنورتے ہیں۔

اباجان مرحوم کو زندگی کے مختلف ادوار میں بعض عوارض کا سامنا رہا۔ علاج کے سلسلہ میں باقاعدہ تھے اور ساتھ ہی خلفائے سلسلہ کو مسلسل دعاؤں کی درخواست کے خطوط لکھے جاتے اور حضور کی طرف سے تسلی اور دعا کے خط ملتے اور مشکل گھڑیاں آسان ہو جاتیں۔

ایک دفعہ اباجان مرحوم ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف کے سلسلہ میں میوہسپتال لاہور میں داخل ہوئے اور ایک تکلیف دہ علاج کا وہاں سامنا تھا۔ کچھ عرصہ گلے میں کالر بھی لگاتے رہے۔ اس حالت میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اباجان کو کسی جگہ دیکھا۔ بعد میں ملاقات کے دوران اباجان مرحوم سے فرمایا ''عشرت صاحب! میں آپ کے لئے بہت دعا کرتا ہوں۔ بعض دفعہ سجدے کی حالت میں آپ کا چہرہ میری آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے اور میں آپ کے لئے دعا کرتا ہوں''۔ الحمد للہ وہ تکلیف ایسی نہ بڑھی کہ آپ کو بستر پر لمبے عرصہ کے لئے دراز کرتی۔ آپ ایک فعال اور بھرپور زندگی بسر کرتے رہے۔

ایک گھریلو معاملہ کے سلسلہ میں بہت پریشانی تھی۔ ہم احمدی اپنی پریشانی درخواست دعا کی شکل میں خلیفہ وقت کے دربار میں پیش کر دیتے ہیں۔

چنانچہ ان پریشانی کے دنوں میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو ساری صورتحال سے آگاہ کیا گیا اور دعا کی درخواست کی گئی۔ اباجان نے بتایا کہ انہی دنوں جبکہ پریشانی تھی۔ اباجان ایک خطبہ جمعہ کے دوران حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے بالکل سامنے بیٹھے تھے اور حضور کی نظر مسلسل اباجان مرحوم پر پڑ رہی تھی۔ حضور نے اس خطبہ میں فرمایا کہ جب دوست حضور کو اپنی پریشانیوں کا حال دعا کی غرض سے لکھتے ہیں تو میں یہ تو نہیں کہتا کہ ان سے زیادہ میں پریشان ہو جاتا ہوں لیکن یہ کہتا ہوں کہ میں بھی ان سے کم پریشان نہیں ہوتا (مفہوم اسی قسم کا تھا) اباجان کہتے ہیں کہ جب حضور یہ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے تو مجھے یوں لگا کہ حضور مجھے دیکھ کر ہی اپنے دل کا حال بیان فرما رہے ہیں۔ حضور دعاؤں سے مدد فرماتے جہاں ضرورت محسوس فرماتے جماعتی نظام کے ذریعہ بھی اصلاح و احوال کی کوشش فرماتے اور اس طرح ہمارے بالکل بگڑے ہوئے کام اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے سنور جاتے۔

خلافت رابعہ سے دیرینہ تعلق

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خطبات لندن سے پہلے تو آڈیو کیسٹ کے ذریعہ ملتے۔ اباجان ایک ایک خطبہ غور سے سنتے۔ بعد میں حضور کے جلسہ سالانہ کے خطابات اور حضور کی تازہ نظمیں آڈیو ویڈیو کیسٹ کے ذریعہ دیکھنے اور سننے کو ملتیں۔ اباجان نومبر 1992ء میں فوت ہوئے۔ اسی سال صرف جمعہ کا خطبہ ڈش کے ذریعہ دکھایا جانا شروع ہوا تو اباجان نے کہا کہ زندگی کا مزا تو اب آیا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خدمت میں بڑی باقاعدگی سے دعا کے لئے خطوط لکھتے اور حضور کی دعاؤں سے مستفید ہوتے۔ خلافت رابعہ کے دور میں بھی جماعتی خدمات کی توفیق ملتی رہی۔

خلافت رابعہ کے دور میں اباجان مرحوم کو ایک رات اسیر راہ مولیٰ ہونے کی سعادت بھی ملی۔ 1986ء میں سوات سے واپسی پر ہم لوگ فیملی کے ساتھ مردان بیت احمدیہ دیکھنے گئے جسے عین عید کے روز تاراج کیا گیا تھا اور اب اس جگہ پر کھنڈر موجود تھے۔ وہاں الیس اللہ والی انگوٹھی پہننے پر مقدمہ درج ہوا اور رات حوالات میں رہنا پڑا۔ وہاں جرائم پیشہ لوگوں کے ساتھ ٹھہرے۔ لیکن والد مرحوم کی شخصیت سے وہ لوگ متاثر ہوئے اور بہت حیران تھے کہ اللہ تعالیٰ کے نام کی انگوٹھی پہننے سے انسان قید کیا جا سکتا ہے؟ اباجان کی طبیعت ایسی تھی کہ انہیں اپنے بستر پر ہی نیند آتی تھی۔ لیکن کہتے تھے کہ وہ رات بہت سکون کی رات تھی۔ اللہ تعالیٰ کی خاص نصرت کی رات تھی۔ رات ایک مبشر خواب دیکھی اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی زیارت ہوئی اور اگلے روز معجزانہ طور پر ضمانت پر رہائی ہوئی۔ مردان کی جماعت کے افراد نے ہم سب کی بہت مہمان نوازی کی اور ہر قسم کا تعاون کیا۔ اباجان نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خدمت میں دعا کے لئے خط لکھا اور دعا کی درخواست کی۔ حضور کا بڑی تسلی کا دعاؤں سے بھرپور خط ملا۔ چند بار پیشیوں پر حاضر ہونا پڑا۔ اس کے بعد ان کے بڑی عمر کے ہونے کی وجہ سے حاضری سے استثناء ملا۔ لیکن اباجان مرحوم کی وفات تک مقدمہ قائم تھا۔

1991ء کے جلسہ سالانہ قادیان میں شرکت کی توفیق ملی اور اپنے آقا سے ملاقات کی سعادت حاصل ہوئی اور آقا نے بھی خوب بندہ نوازی فرمائی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سے تعلق دیرینہ تھا۔ حضور کے مسند

خلافت پر رونق افروز ہونے سے قبل بھی نیاز حاصل تھا۔ حضور کو دعا کے لئے کہتے اور طبی مشورے بھی حاصل کرتے۔ ایک دفعہ حضور خلافت سے بہت پہلے ہمارے گھر واقع کرشن نگر لاہور تشریف بھی لائے۔

عائلی زندگی

گھریلو زندگی میں اباجان مرحوم کی شخصیت مرکزی حیثیت کی حامل تھی۔ عائلی حقوق ادا کرنے میں مستعد تھے۔ اپنی شریک حیات یعنی ہماری امی جان مرحومہ کا بہت احترام کرتے۔ ہمیشہ آپ کہہ کر مخاطب ہوتے۔ اور وہ بھی کامل وفاداری کا نمونہ تھیں۔ اباجان مرحوم کا وجود اہل خاندان کے لئے سراسر برکت اور رحمت کا موجب تھا۔ دعاؤں کے ذریعہ مدد کرتے اور ہر اہم معاملہ میں رہنمائی۔ گھر میں خوش خوش رہتے لیکن تربیت کے پہلو سے غافل نہ ہوتے۔ اہل وعیال کو ہر خوشی اور آرام پہنچانے کی کوشش کرتے اور سلسلہ سے تعلق کو مضبوط بنانے میں کوشاں رہتے۔

علمی وادبی ذوق

ایک علمی وادبی خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور خود بھی اعلیٰ ادبی وعلمی ذوق کے مالک تھے۔ تحریر وتقریر کے ملکہ سے واقف تھے۔ جماعتی پروگراموں میں حصہ لیتے۔ تقریر کا موقعہ بھی ملتا اور دلچسپ واقعاتی رنگ میں تربیتی امور پر پُر اثر خطاب کرتے۔

اردو اور فارسی اور انگریزی زبانوں سے واقف تھے۔ مطالعہ کے شوقین تھے۔ کوئی نئی جماعتی کتاب نظر سے اوجھل نہ ہوتی۔ اسے خریدتے اور پڑھتے۔ اس طرح ذاتی لائبریری میں وسعت ہوتی رہتی۔ جو ہماری تعلیم اور تربیت میں بھی ممد ہوتی۔

بعض مضامین روزنامہ الفضل اور بعض دوسرے جماعتی جرائد میں شائع ہوتے۔

والد مرحوم شاعری کا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے۔ ان کی ذاتی بیاض میں فارسی اور اردو شعراء کے اعلیٰ کلام کا انتخاب ان کے حسن ذوق کا آئینہ دار ہے جو بہت خوش خط انداز میں تحریر کیا گیا ہے۔ بیاض میں اولیت اور اہمیت حضرت مسیح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے کلام کو ہے۔

اس کے علاوہ متعدد اساتذہ اور بڑے شعراء کے کلام کے نمونے شامل ہیں۔

اسی طرح انگریزی اور اردو کتب سے حاصل مطالعہ کے اقتباسات ذاتی ڈائریوں میں درج ہیں۔

خود بھی شعر کہتے تھے گو کم کم۔ لاہور اور اسلام آباد میں جماعتی انتظام کے تحت منعقد ہونے والے مشاعروں میں شرکت کی۔

ہماری والدہ صاحبہ

کہتے ہیں کہ ایک کامیاب مرد کے پیچھے کسی عورت کا ہاتھ ہوتا ہے۔ یہ بات ہمارے والد مرحوم کی زندگی میں تو یقیناً سچ ثابت ہوئی۔ ہماری والدہ ماجدہ عفت بیگم صاحبہ پیدائشی احمدی تھیں۔ وہ ایک سادہ مزاج، قانع، متقی خاتون تھیں۔ مڈل تک تعلیم تھی۔ لیکن دین العجائز رکھتی تھیں۔ خلافت سے محبت اور نظام جماعت کی اطاعت اور احترام ان کے کردار کے روشن پہلو تھے۔ اپنے شوہر کی کامل فرمانبرداری کرتیں اور ان کے قدم کے ساتھ قدم ملا کر چلتی تھیں اور ان کے آرام اور اطمینان کے لئے کوشاں رہتی تھیں۔ بہت مہمان نواز تھیں اور ملنسار۔ غریب پرور تھیں۔ محلّہ کی خواتین مالی معاونت یا قرضہ کی طلبگار ہوتیں تو مایوس نہ لوٹتیں۔ رحمی رشتوں کا احترام کرتیں۔ تعلقات کو نبھانے اور سنوارنے کے لئے ہر کوشش کرتیں۔ نمازوں میں باقاعدہ تھیں۔ گھر میں نماز باجماعت ہوتی تو علالت طبع کے باوجود سب سے پہلے مقررہ جگہ پر پہنچ جاتیں۔ سلسلہ کی ہمدرد تھیں اور اسیران راہ مولیٰ کے لئے ہر وقت دعا گو اور ان کی باعزت رہائی کے لئے بے چین رہتیں۔

چند ماہ سانس کی تکلیف اور بعض دیگر عوارض سے علیل رہیں۔ تکلیف دہ بیماری کے بعد بالآخر 28 جنوری 1989ء کو لاہور میں وفات پائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں آسودہ خاک ہیں۔ خدا تعالیٰ مغفرت کی چادر میں لپیٹ لے۔ آمین

نانا جان اور نانی جان

ہمارے نانا جان حکیم شیخ فضل حق صاحب بٹالوی اور نانی امیر بیگم صاحبہ دونوں بہشتی مقبرہ ربوہ میں مدفون ہیں۔ نانا جان مرحوم کو اپنے والد بزرگوار شیخ نور احمد صاحب کے ہمراہ جلسہ سالانہ 1892ء میں شرکت کی توفیق ملی۔ شیخ نور احمد صاحب نے بیعت نہ کی۔ نانا جان مرحوم نے خلافت اولیٰ کے اوائل میں 1908ء میں بیعت کی۔ نانا جان مرحوم اور ان کے والد کو البتہ یہ سعادت مل گئی کہ حضرت مسیح موعود نے اپنی کتاب ''آئینہ کمالات اسلام'' میں ان کے نام اس فہرست میں شامل فرمائے جو حضور نے جلسہ سالانہ میں شمولیت اختیار کرنے والوں کی تیار فرمائی۔

یہ نام نمبر شمار 146 اور 147 پر یوں درج ہیں:

146۔ شیخ نور احمد صاحب بٹالہ ضلع گورداسپور

147۔ میاں فضل حق صاحب رئیس بٹالہ ضلع گورداسپور

والدہ مرحومہ بیان کرتی تھیں کہ جب ہمارے نانا جان اور ان کے والد قادیان سے واپس آرہے تھے تو حضور نے کھانا ساتھ باندھ کر دینے کے لئے اپنی پگڑی سے کپڑا اتار کر عنایت فرمایا۔ والدہ صاحبہ نے یہ بھی بیان کیا کہ شیخ نور احمد صاحب حضرت مسیح موعود سے حسن ظن رکھتے تھے۔ ہمارے نانا جان بچے تھے اور اس وقت کے رواج کے مطابق ان کے کان میں سونے کی بالیاں ڈالی ہوئی تھیں۔ بٹالہ سے قادیان جاتے ہوئے جب قادیان کے قریب پہنچے تو شیخ نور احمد صاحب نے اپنے بیٹے کے کان سے بالیاں اتار دیں کہ حضرت مسیح موعود پسند نہ فرمائیں گے۔

ہمارے نانا جان شیخ فضل حق صاحب بٹالہ کے رئیس تھے اور ساتھ ہی ایک ماہر طبیب بھی تھے۔ جس سے علاقہ کے لوگوں کو فیض پہنچتا تھا۔ ہماری نانی مرحومہ کا تعلق امرتسر کی ایک معروف ککے زئی فیملی سے تھا۔ ان کے تقریباً تمام رشتہ دار غیر از جماعت تھے۔ نانی جان مرحومہ نے اپنی شادی کے بعد 1920ء میں خلافت ثانیہ کے عہد باسعادت میں بیعت کی توفیق پائی۔

بٹالہ میں ہمارے ننھیال کا گھر ماشاء اللہ بابرکت ہوا کہ اس میں حضرت اماں جان اور خواتین مبارکہ کی آمد کا سلسلہ جاری رہتا۔ امی جان مرحومہ بیان کرتی تھیں کہ حضرت اماں جان سادگی کے ساتھ گھر کی خواتین کے ساتھ بیٹھتیں اور ان کے کاموں میں دلچسپی کا اظہار فرماتیں۔ نانا جان مرحوم کی زمینوں پر خواتین کے ساتھ جا کر خوش ہوتیں۔ نانا جان کے بعض بچوں کی شادیوں میں بھی حضرت اماں جان اور خواتین مبارکہ نے شرکت فرمائی۔

ہمارے نانا جان مرحوم کا ایک ہی بیٹا تھا۔ افتخار الحق خان صاحب بارایٹ لاء۔ ان کی تینوں بیٹیاں احمدیوں میں ہی بیاہی گئیں۔ نانا جان مرحوم کی چاروں بیٹیاں ماشاء اللہ مخلص احمدی گھرانوں میں بیاہی گئیں۔ سب سے بڑی ثریا بیگم صاحبہ مرحومہ اہلیہ حضرت حکیم فضل الرحمٰن صاحب مرحوم سابق مربی افریقہ تھیں۔ دوسری ہماری والدہ، تیسری فرخندہ بیگم صاحبہ مرحومہ اہلیہ عطاء الرحمٰن خان صاحب مرحوم آف لاہور تھیں۔ ہمارے خالو عطاء الرحمٰن صاحب مرحوم حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت خان محمد افضل خان صاحب کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ ہماری چھوٹی خالہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے زندہ ہیں۔ یہ مبارکہ بیگم صاحبہ اہلیہ غلام ربانی ملک صاحب مرحوم ہیں۔ یہ 1954ء سے کینیڈا میں مقیم ہیں۔

آخری بیماری اور وفات

6 نومبر 1992ء کو (جبکہ آپ اسلام آباد میں مقیم تھے) ایک غیر ہموار جگہ پر پاؤں نہ سنبھل سکا اور آپ گر گئے۔ جس سے ٹخنے کی ہڈی میں فریکچر ہو گیا فوری طور پر ہسپتال جا کر پلستر کروایا۔ لیکن تکلیف محسوس کرتے تھے۔ اس وقت ان کی عمر 77 سال تھی۔ پاؤں کے ایکسرے سے پتہ چلا کہ ہڈی صحیح طرح جڑی نہیں۔ دوبارہ ہڈی جوڑنے کے لئے فوری طور پر اپریشن تھیٹر لے جایا گیا۔ بظاہر ایک معمولی اپریشن تھا۔ اپریشن ہو گیا۔ ہم اپریشن تھیٹر کے باہر منتظر تھے کہ کامیاب اپریشن کے بعد اباجان کو اب باہر لایا جائے گا لیکن بے ہوشی کی دوا اینستھیز یا دینے کے بعد ان کو ہوش نہ آیا اور ڈاکٹروں نے بتایا کہ اپریشن ٹیبل پر ہی اچانک حرکت قلب بند ہوئی اور اباجان اپنے پیدا کرنے والے کے حضور حاضر ہو گئے۔

یہ صدمہ ہم سب کے لئے اچانک تھا اور بڑا تھا۔ لیکن

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

وفات کے وقت آپ کی عمر 77 سال تھی۔ اسلام آباد میں نماز جنازہ گھر میں ادا ہوئی جس میں بہت سے احباب شامل ہوئے۔ اس کے بعد بیت المبارک ربوہ میں نماز جنازہ کے بعد بہشتی مقبرہ میں مدفون ہوئے۔ مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر اصلاح و ارشاد نے جنازہ پڑھایا اور بعد تدفین دعا بھی کروائی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور جماعت کے بہت سے احباب اور غیر از جماعت دوستوں اور عزیزوں نے بھی بذریعہ خطوط و پیغامات تعزیت کا اظہار کیا اور ہمیں ڈھارس بندھائی۔

لواحقین میں خاکسار، خاکسار کی ہمشیرہ بشریٰ صدیقہ صاحبہ شامل ہیں۔ نیز آپ کی یادگار بوقت وفات آپ کے تیرہ پوتے پوتیاں، نواسے نواسیاں اور تین پڑنواسے اور پڑنواسیاں ہیں۔ یہ اللہ کا احسان ہے۔ خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اباجان مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ اور ان کے درجات بلند فرماتا رہے اور خاکسار اور خاکسار کی ہمشیرہ بشریٰ صدیقہ صاحبہ (اہلیہ مکرم ملک عبدالحلیم صاحب) مقیم لندن اور ہماری اولاد در اولاد کو مرحوم کی نیکیاں اپنانے کی توفیق دے اور جو نعمت عظمیٰ احمدیت کی شکل میں ہمیں حاصل ہوئی۔ اس سے ہم اور ہماری اولاد بھی ہمیشہ وفاداری کے ساتھ چمٹی رہے۔ مرحومین اپنا وقت پورا کر گئے اور ہم اپنے اپنے وقت پر ان سے ملنے والے ہیں۔ خدا تعالیٰ انجام بخیر کرے۔

دنیا کی سب سے طاقتور قوم

کیا آپ کے علم میں ہے کہ دنیا کی سب سے طاقتور قوم کون سی ہے؟ وہ قوم جس کے پاس دنیا کا 3 کروڑ 48 لاکھ 19 ہزار 790 مربع کلومیٹر کا علاقہ ہے جو دنیا کی تمام بڑی آبی گزرگاہوں کی مالک ہے۔ دنیا کا 70 فیصد تیل جس کے پاس ہے۔ دنیا کا بہترین نہری نظام جس کی ملکیت ہے جو سونا، کوئلہ، قدرتی گیس کے ذخائر سے مالا مال ہیں، جس کی فوج کی تعداد تقریباً 66 لاکھ 7 ہزار 560 بنتی ہے جو اپنے دفاع پر ہر سال 74 ارب 950 ملین ڈالر خرچ کرتی ہے جو دنیا کے کل دفاعی بجٹ کا ایک چوتھائی ہے۔ یہ وہ قوم ہے جو دنیا کے ساتوں براعظموں میں موجود ہے اور جس کا نام مسلمان ہے۔ یہ وہ قوم ہے جس کے پاس یہ تمام قدرتی وسائل موجود نہ بھی ہوتے تو لا الٰہ الا اللہ کی طاقت کافی تھی کہ اس قوم کا ماضی اس بات کا آئینہ دار ہے کہ بارہا اس قوم نے صرف اسی کلمے کی بدولت عرب وعجم کو سرنگوں کیا۔ بیک وقت تین براعظموں پر شاندار حکومت کی۔ ایسی حکومت جس میں عوام کو سب کچھ میسر تھا بشمول امن، سکون اور انصاف کے۔

(روزنامہ ایکسپریس فیصل آباد۔ 26 جولائی 2006ء ص 15)

ماخوذ

امراض قلب کی شرح میں اضافہ اور بچاؤ کے طریق

ماضی میں یہ سمجھا جاتا تھا کہ امراض قلب وراثتی عارضہ ہیں لہٰذا جن خاندانوں میں یہ اموات کا نمایاں سبب رہے ہیں، ان خاندانون میں جوانی میں حملہ قلب کے امکانات پائے جاتے ہیں طبی لحاظ سے وراثتی بیماریاں اہمیت رکھتی ہیں لیکن دوسری طرف جدید تحقیقات کے نتیجے میں وراثتی بیماریوں کے امکانات کم سے کم کرنے کے طریقے بھی سامنے آئے ہیں جبکہ موجودہ عہد میں امرض قلب کی شدت کا باعث غذائی عادات اور طرز زندگی کو قرار دیا جا رہا ہے مختلف وجوہات سے مرنے والوں میں چالیس فیصد کی موت کا سبب امراض قلب ہوتے ہیں جن میں سے بیشتر شریانی امراض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ امریکہ جیسے ملک میں ایسے افراد کی تعداد کم ازکم پچاس لاکھ مانی گئی، اس تعداد میں ہر برس اضافہ ہو رہا ہے ایک اور رپورٹ کے مطابق برطانیہ میں ہر سال ایک لاکھ چالیس ہزار افراد کی موت کا سبب امراض قلب ہوتے ہیں لیکن ان کی بیشتر تعداد بڑی عمر کی ہوتی ہے تشویشناک بات کم عمر افراد اور نوجوانوں کا امراض قلب میں مبتلا ہونا ہے۔ یہ صورت حال دنیا کی ترقی یافتہ ممالک کی طرح ترقی پذیر ممالک میں بھی پائی جاتی ہے۔

یہ بات درست ہے کہ کچھ نومولود بچے پیدائشی طور پر دل کے مختلف عارضوں میں مبتلا ہوتے ہیں جبکہ کچھ اور نقائص کا علاج ممکن نہیں لیکن قدرتی نقائص سے ہٹ کر دیگر خرابیاں (جن کا سبب غذائی عادات اور پر آسائش طرز زندگی ہے) ایسی ہیں جن سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

امراض قلب کی شرح میں اضافہ

بیسویں صدی کی ابتداء میں شریانی امراض بہت کم پائے جاتے تھے عام طور پر امراض قلب انجائنا وغیرہ پر تعیش زندگی بسر کرنے والے طبقے میں ملتے تھے۔ سمجھا بھی یہی جاتا تھا کہ موروثی وجوہ سے ہٹ کر امراض قلب انہی لوگوں کو ہوتے ہیں جو غذائی افراط رکھتے ہوں اور آرام دہ زندگی بسر کرتے ہوں۔ متوسط اور عام طبقے میں امراض قلب پائے جانے کا کوئی تصور ہی نہیں تھا۔ بیسویں صدی کے ابتدائی تین عشروں میں امراض قلب کی شرح بہت کم رہی لیکن جوں جوں انسان مشینوں پر انحصار کرنے کا عادی بنتا گیا امراض قلب کی شدت بھی بڑھتی گئی، بیسویں صدی کے اختتام پر عالمی ادارہ صحت نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ اکیسویں صدی میں ہونے والی اموات کا سب سے نمایاں سبب امراض قلب بنیں گے۔ ان برسوں میں مختلف حفاظتی اقدامات، ویکسین پروگراموں کے ذریعے انسان نے مختلف سنگین امراض کے خلاف غیر معمولی کامیابی حاصل کی مگر اس دوران امراض قلب کے مریضوں کی تعداد میں انتہائی تشویشناک اضافہ سامنے آیا۔ بلاشبہ امراض قلب کی شدت دنیا کے مختلف حصوں میں الگ الگ ہے لیکن بہت سی باتیں توجہ طلب ہیں مثلاً جاپان میں آباد لوگوں میں امراض قلب کی شرح امریکہ اور برطانیہ کے مقابلہ میں بہت کم ہے (سو کے مقابلے میں دس) لیکن امریکہ میں آباد ہونے والے جاپانیوں میں امراض قلب کی شرح دیگر مقامی لوگوں کے مساوی ہو جاتی ہے۔

امراض قلب متعدی اور وبائی نہیں ہے لیکن دنیا کے کچھ ممالک میں یہ وبا کی طرح شدت رکھتے ہیں۔ یہ ایک فرد سے دوسرے فرد کو منتقل نہیں ہوتے ہیں مگر ان ممالک میں ان کی شدت پر قابو ایک سنگین مسئلہ ہے۔ طبی ماہرین کی تحقیقات کے بعد ماضی کے مقابلے میں تبدیل شدہ غذائی عادات اور طرز زندگی کو امراض قلب کا بنیادی سبب قرار دیا ہے۔ مثلاً فن لینڈ کے صوبے شمالی کیرولینا میں امراض قلب کی شدت غیر معمولی صورت اختیار کر گئی تھی۔ ماہرین نے ان کی غذائی عادات کا جائزہ لیا تو پتہ چلا کہ اس کی وجہ کولیسٹرول کی مقدار کی زیادتی ہے کہ مقامی باشندے دودھ اور ڈیری کی دیگر اشیاء کثرت سے استعمال کرنے کے عادی بن گئے تھے۔ سرکاری طور پر اٹھائے گئے اقدامات کے نتیجے میں ایسی مصنوعات کے استعمال میں کمی آئی جبکہ سگریٹ نوشی پر بھی قابو پایا گیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ لگ بھگ دس برس میں امراض قلب کے باعث اموات میں 75 فیصد کمی سامنے آئی۔

صحت مند عادات نے دنیا کے اور کئی ممالک میں صورت حال کو یکسر بدل دیا ہے۔ اس کے ساتھ صحت کی بہتر سہولیات کی بر وقت اور یقینی فراہمی بھی موثر نتائج کی ضامن بنی ہے۔ لیکن جس دوران خطرات میں گھرے ممالک میں انسدادی اقدام اٹھائے گئے، اسی زمانے میں دنیا کے بہت سے ممالک میں خوشحالی بڑھی اور مشینوں پر انحصار میں اضافہ ہوا لہٰذا ان ممالک میں غذائی عادات اور طرز زندگی بھی بدل گیا۔ یہ تبدیلیاں بظاہر تو خوش آئندہ تھیں لیکن دوسری طرف ان ممالک میں امراض قلب کی شدت بڑھانے کا باعث بھی بنیں ترقی یافتہ ممالک نے سگریٹ نوشی کے نقصانات سامنے آنے پر سگریٹ نوشی کے خلاف ٹھوس اقدام اٹھائے تو کاروباری خسارے کا شکار سگریٹ ساز اداروں نے ترقی پذیر غریب اور پسماندہ ممالک کا رخ کر لیا جہاں انہوں نے پرکشش حربے استعمال کر کے اپنے منافع کو بے تحاشہ بڑھانے کے ساتھ سگریٹ نوشی کے باعث لاحق ہونے والے امراض میں بھی اضافہ کیا۔

امراض قلب کے خطرات میں نمایاں کمی ممکن ہے بشرطیکہ مقامی حکومتیں صحت عامہ کو خصوصی اہمیت دیں اور ان کامیاب ممالک کے تجربات اور حصول کو پیش نظر رکھیں جہاں صورت حال خاصی خوش آئندہ ہے۔

خطرے سے بچاؤ

کسی بھی خطرے سے اس وقت بچا جا سکتا ہے جب اس کے اسباب واضح ہوں۔ کچھ صورتوں میں اسباب غیر واضح بھی ہو سکتے ہیں، یہ ایک دوسرے سے مختلف بھی ہو سکتے ہیں لیکن عالمی سطح پر ہونے والی تحقیقات کی روشنی میں اقدامات طے کئے جا سکتے ہیں مثلاً امراض قلب موروثی ہوتے ہیں تاہم ایسے افراد مناسب تبدیلیاں اپنا کر ان کے امکانات کم کر سکتے ہیں۔ قلب کی خرابیاں پیدائشی ہوں تو کچھ صورتوں میں ان کا علاج ممکن نہیں لیکن دوسری طرف موروثی خطرات نہ رکھنے والے، پیدائشی نقائص سے محفوظ لوگ بھی کثرت سے امراض قلب میں مبتلا ہو رہے ہیں ایسے افراد یقینی طور پر ''خرابیوں'' کا تعین کر کے ان سے محفوظ ہو سکتے ہیں۔ معاملے کا توجہ طلب پہلو یہی ہے اب یہ بات واضح ہوئی ہے کہ امراض قلب پوری دنیا میں پائے جاتے ہیں لیکن مختلف ممالک اس کی مختلف وجوہات رکھتے ہیں مثلاً فن لینڈ کی مثال ہمارے سامنے ہے جہاں لوگ ڈیری مصنوعات کے استعمال کے باعث امراض قلب میں مبتلا ہو رہے تھے جب ان میں کمی لائی گئی تو امراض قلب کی شرح بھی گھٹ گئی۔

اسی طرح سگریٹ نوشی کا رجحان رکھنے والے ممالک نے سگریٹ نوشی کے خلاف اقدام اٹھا کر نہ صرف دیگر سنگین بیماریوں بلکہ امراض قلب کی شدت میں بھی نمایاں کمی حاصل کی۔ ان کے مقابلے میں سگریٹ نوشی کی کثرت رکھنے والے ممالک اپنی بہت سی دیگر کوششوں کے باوجود کوئی کمی حاصل نہیں کر پائے اس اعتبار سے برطانیہ کا نام نمایاں ہے جہاں سگریٹ نوشی کے رجحان میں اضافے کے ساتھ امراض قلب کی شرح بھی بڑھی ہے۔

خطرہ کس طرح کم کیا جاسکتا ہے

اس ضمن میں چار باتوں پر زور دیا جاتا ہے۔

1۔ غذائی عادات میں تبدیلی
2۔ طرز زندگی میں تبدیلی
3۔ بلڈ پریشر کنٹرول
4۔ ترک سگریٹ نوشی

امراض قلب کے غذائی عادات سے تعلق کی تصدیق کے بعد امراض قلب کی تبدیلی اہمیت رکھتی ہے۔ چکنائی سے بھرپور غذائیں مٹاپے اور خون میں چربیلے مادے (کولیسٹرول) کی زیادتی کا سبب بنتی ہیں۔ کولیسٹرول، شریانوں میں چپک کر دوران خون کو متاثر کرتا ہے جس سے دل کی مختلف تکالیف جنم لیتی ہیں۔ انجائنا اور حملہ قلب کا سبب بھی شریانوں میں پیدا ہونے والی رکاوٹ بنتی ہے۔

ماہرین کہتے ہیں کہ ہمیں اپنے روزمرہ معمولات نمٹانے کے لئے توانائی کی ضرورت پڑتی ہے جو ہم اپنی غذا سے حاصل کرتے ہیں۔ ہر غذا کیلوریز کی مختلف مقدار رکھتی ہے۔ جسم کی ضرورت سے زائد کیلوریز جسم کے مختلف حصوں میں جمع ہو کر فربہی یا مٹاپے کا باعث بنتی ہیں، خون میں چکنائی کی مقدار بڑھ کر رگوں میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ مٹاپا اپنی جگہ ایک توجہ طلب مسئلہ ہے لیکن چکنائی سے لبریز غذائیں دبلے پتلے افراد کے لئے بھی یکساں خطرات رکھتی ہیں۔

مٹاپے کا مسئلہ

مٹاپا دل پر اضافی بوجھ ڈالتا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں مٹاپے کو توجہ طلب مسئلہ قرار دیا گیا ہے کہ وہاں مٹاپے کی شرح میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ مٹاپا امراض قلب کے علاوہ ذیابیطس کے امکانات بھی بڑھاتا ہے۔ مٹاپے کے ساتھ ذیابیطس کی موجودگی امراض قلب کے امکانات کئی گنا بڑھا دیتی ہے۔ مٹاپے کا ایک سبب غیر متوازن غذائی عادات بھی ہیں۔ ہر فرد کا وزن اس کے قد کی مناسبت سے ایک خاص حد میں ہونا چاہئے۔

کولیسٹرول کی زیادتی

مٹاپے کی طرح کولیسٹرول کی زیادتی بھی غذائی عادات سے تعلق رکھتی ہے۔ غذا میں چکنائی کی زیادتی خون کی شریانوں میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ اس سے دل کی شریانوں میں بھی رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ کولیسٹرول ہماری ضرورت بھی ہے لیکن ہمارے لئے مضر بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ جسم خود بھی کولیسٹرول پیدا کرتا ہے جبکہ غذائی چکنائی بھی اس کی مقدار میں اضافہ کرتی ہے۔ کولیسٹرول کی خراب قسم ایل ڈی ایل اور ٹرائی گلیسرائیڈز کی سطح پر کنٹرول ضروری ہے کہ یہ رگوں میں چپک کر نقصان پہنچاتے ہیں۔

کولیسٹرول کی مقدار اور غذا میں تعلق کی تصدیق ان ممالک کے اعداد وشمار سے بھی ہوتی ہے جہاں غذائی عادات میں مناسب تبدیلیوں کے بعد لوگوں میں عمومی طور پر پائے جانے والے کولیسٹرول کی مقدار

میں نمایاں تبدیلی آئی اور امراض قلب کی شرح بھی کم ہوئی اسی طرح امراض قلب کی کمتر شرح رکھنے والے ممالک کی غذائی عادات بھی اس خیال کو تقویت دیتی ہے مثلاً امراض قلب کی کمتر شرح رکھنے والے جاپان میں عام لوگوں کی غذا مچھلی پر مشتمل ہے۔ جاپانی ڈیری کی مصنوعات اور مرغن غذاؤں کا استعمال بہت ہی کم کرتے ہیں۔

چکنائی کا کم استعمال، سرخ گوشت کے استعمال میں کمی کے ساتھ مصنوعی مٹھاس میں ممکنہ حد تک کمی ہی صحت کی ضامن ہے۔

طرز زندگی میں تبدیلی

یہ حقیقت ہے کہ ماضی کے مقابلے میں آج کا انسان کم نقل وحرکت کرتا ہے جبکہ کھانے پینے کے معیار اور مقدار میں اضافہ ہے۔ جسمانی نقل وحرکت ہی جسم میں موجود کیلوریز کو ختم کرتی ہے۔ یہ بات اپنی جگہ کہ مختلف غذائیں مختلف مقدار میں کیلوریز رکھتی ہیں اور یہ کہ کم کھا کر کیلوریز کی مقدار میں کمی کی جا سکتی ہے۔ لیکن مسئلہ ان کیلوریز کا ہے جو جسم میں موجود ہوتی ہیں۔ اگر یہ روزانہ بنیاد پر استعمال میں نہ آئیں تو جسم کے اندر ذخیرہ ہونے لگتی ہیں اور انسان مٹاپے کا شکار ہو جاتا ہے۔ جسم کی ضرورت سے زائد کیلوریز ہی اصل مسئلہ ہیں۔ موجودہ دور کی سہولتوں کے باعث آج کا انسان سست اور کاہل (یا یہ کہہ لیجئے کہ آرام پسند) ہو گیا ہے۔ ترقی پذیر معاشروں میں پیدل چلنے کا تصور ختم ہو رہا ہے ایک دو کلومیٹر کا فاصلہ بھی طویل سمجھا جاتا ہے۔

گھر کے باہر تفریحی مصروفیات کی جگہ ٹی وی اور انٹرنیٹ نے لے لی ہے درس گاہوں میں جسمانی سرگرمیوں کو ذرا بھی اہمیت نہیں دی جاتی ہے۔ کھیل صرف ایک طبقے تک محدود ہو گئے ہیں، آبادی میں اضافے کے باعث کھیل کے میدان اور پارک تیزی سے ختم ہو گئے ہیں۔ مصروفیات نے مل جل کر پکنک منانے، سیاحت کرنے کی مہلت چھین لی ہے۔

”ورزش“ کا تصور بہت کم ذہنوں میں پایا جاتا ہے لوگ سمجھتے ہیں کہ ورزش کھلاڑیوں، پہلوانوں یا تن سازوں کی ہی ضرورت ہے۔ عام فرد کا اس سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔

ورزش کی اہمیت

ورزش ہر فرد کے لئے ضروری ہے۔ یہ باقاعدہ ہونی چاہئے۔ ورزش کا تعلق عمر، صنف یا روزمرہ ضروریات سے ہرگز بھی نہیں۔ گھر میں رہنے والی خواتین کے لئے بھی ورزش حیران کن اثرات رکھتی ہے۔ بے حد مصروف لوگ بھی اپنے لئے جسمانی نقل و حرکت کے مواقع نکال سکتے ہیں جس سے یقیناً بہت اثر پڑے گا لیکن دن بھر کے کاموں سے فارغ ہونے کے بعد یا صبح سویرے نصف گھنٹے کی چہل قدمی یا ایسی ورزش ضروری ہے جو آپ کے جسم کے رگ و پٹھوں کو مضبوط بنائے، آپ کے اندر توانائی کی لہر دوڑا دے۔

مسلسل بیٹھ کر کام کرنے یا وقت گزارنے والوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ درمیان میں مناسب وقفہ دیں۔ عام زندگی میں فاصلہ طے کرنے کے لئے سواری یا لفٹ کے بجائے اپنے پیروں پر انحصار کریں۔ ایسے مشاغل اپنائیں جن میں ہلکی پھلکی مشقت کے ساتھ جسمانی نقل وحرکت نمایاں حصہ رکھتی ہو۔

بلڈ پریشر کنٹرول

ہائی بلڈ پریشر انتہائی سنگین امکانات رکھتا ہے۔ اس سے نظام دوران خون پر انتہائی مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر دوسری خرابیوں کے ساتھ حملہ قلب کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ اس کا تسلسل دل کی کام کرنے کی صلاحیت متاثر کرتا ہے۔ اس کی شدت گردوں کو ناکارہ کر دیتی ہے۔

عام طور پر لوگ بلڈ پریشر پر توجہ نہیں دیتے ہیں۔ یوں بھی بیشتر لوگوں میں ہائی بلڈ پریشر کی پریشان کن علامات سامنے نہیں آتی ہیں لہٰذا لوگوں کی اکثریت بلڈ پریشر ہائی رہنے کے باوجود اس سے لاعلم ہوتی ہے۔ موجودہ دور میں سال میں ایک سے زیادہ بار (اور خرابی سامنے آنے پر مناسب وقفے سے) بلڈ پریشر چیک کرانا ضروری ہے۔

عموماً 80/120 کو معیاری بلڈ پریشر قرار دیا جاتا ہے تاہم ادھیڑ عمری میں اس میں کچھ اضافے کا امکان رہتا ہے کہ عمر کے اس حصے میں فطری طور پر خون کی رگوں میں کچھ سختی پیدا ہو جاتی ہے۔ ایک مستند معالج ہی بلڈ پریشر چیک کرنے کے بعد آپ کے لئے اس کا علاج تجویز کر سکتا ہے۔ بلڈ پریشر بڑھنے کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں۔ آپ معالج کی رہنمائی میں اپنے بلڈ پریشر میں اضافے کی وجہ جان سکتے ہیں۔ بلڈ پریشر پر قابو پانے کے لئے ادویات موجود ہیں لیکن یہ ادویات اپنی ضمنی اثرات بھی رکھتی ہیں۔ زائد وزنی، ذہنی الجھنیں سگریٹ اور شراب کا استعمال، بلڈ پریشر میں اضافے کا سبب بنتا ہے جبکہ ہلکی پھلکی معتدل ورزش بلڈ پریشر کو قابو رکھنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔

سگریٹ نوشی سے نجات

امراض قلب کے حوالے سے سگریٹ نوشی کو بھی سنگین خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ نوجوانی میں سگریٹ نوشی حملہ قلب کے امکانات کو دس گنا کرتی ہے۔ عمر میں اضافے کے ساتھ یہ امکانات اسی مناسبت سے بڑھ جاتے ہیں۔ ایک بار حملہ قلب ہونے کے بعد سگریٹ نوشی کا تسلسل جلد دوبارہ حملہ قلب کا سبب بن سکتا ہے۔

تمباکو میں متعدد مضر مادے ہوتے ہیں۔ ان میں سے کون سے مادے دل اور خون کی رگوں کو نقصان پہنچاتے ہیں یہ بات نامعلوم ہے تاہم تمباکو نوشی خون کی آکسیجن لے جانے کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہے۔ اس میں موجود نکوٹین جسم میں خون کی رفتار میں غیر ضروری اضافے کا سبب بنتی ہے۔ تمباکو ہر صورت میں نقصان پہنچاتا ہے۔ سگریٹ نوش افراد نہ صرف اپنی صحت اور جان کو ہلاکت میں ڈالتے ہیں بلکہ ان کا پھیلایا ہوا دھواں ارد گرد موجود افراد کے لئے بھی یکساں خطرات رکھتا ہے۔ بند کمرے، اور گھروں میں سگریٹ نوشی کرنے والا ایک فرد، ارد گرد موجود افراد کی تعداد کی مناسبت سے اوسطاً دس گنا زیادہ افراد کے لئے امراض قلب کے امکانات بڑھاتا ہے۔ یاد رکھئے کہ سگریٹ نوشی انسان کی صحت کی دشمن ہے۔ اسے جس قدر جلد چھوڑ دیا جائے اسی قدر بہتر ہے۔ ماہرین کے مطابق سگریٹ کا عادی بننے کا سبب اس میں موجود مادہ نکوٹین ہوتا ہے جو انسان کو بار بار سگریٹ پینے پر اکساتا ہے لیکن سگریٹ نوشی ترک کرنے کے چند دن بعد ہی اس کا اثر ختم ہو جاتا ہے اور امراض قلب کے خطرات بھی ٹل جاتے ہیں۔

امراض قلب کا خطرہ رکھنے والوں کے لئے اور بہت سے عوامل بھی منفی امکانات بڑھاتے ہیں مثلاً ذہنی بیماریاں جیسے ذہنی تناؤ، ڈپریشن اور اضطراب کے باعث جسم میں جنم لینے والی کیمیائی تبدیلیاں نظام دوران خون اور دل پر منفی اثر ڈالتی ہیں۔ ضروری ہے کہ ذہن کو پرسکون رکھا جائے۔ غم، غصے اور مایوسی کی کیفیات سے امکانی حد تک جلد نجات حاصل کی جائے۔ زندگی اسی صورت میں بہتر انداز سے گزاری جا سکتی ہے جب حقائق کو قبول کیا جائے۔ الکحل کا استعمال صحت کے لئے مضر ہے۔ اس سے دل و دماغ اور گردے متاثر ہوتے ہیں معدے اور جگر کی خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ الکحل کی زیادتی بلڈ پریشر بڑھاتی ہے۔ الکحل کے زیر اثر انسان سست ہو جاتا ہے لہٰذا وہ مٹاپے کی زد میں آسکتا ہے۔ الکحل کے نقصانات کے سامنے اس کے ”فوائد“ کس طرح قابل قبول ہو سکتے ہیں۔ ذیابیطس میں مبتلا افراد کو بھی حد سے زیادہ احتیاط کرنی چاہئے وہ اپنی ذیابیطس پر سخت کنٹرول رکھیں کیونکہ خون میں گلوکوز کی سطح کا حد سے زیادہ رہنا جسم پر سنگین اثرات مرتب کرتا ہے۔ ان اثرات میں دل کی خرابیاں بھی شامل ہیں۔

امراض قلب کی موجودہ شدت پر اسی صورت قابو پایا جا سکتا ہے جب دنیا بھر کے لوگوں کو اس کا احساس دلایا جائے۔ انہیں بتایا جائے کہ انجائنا اور ہارٹ اٹیک کسی مخصوص طبقے یا ملک کی بیماریاں نہیں ہیں بلکہ ان کی زد میں دنیا کا ہر فرد آسکتا ہے۔ ان سے بچاؤ اسی وقت ممکن ہے جب ان کا سبب بننے والے بنیادی عوامل کو سامنے رکھ کر اپنی غذائی عادات اور رہنے سہنے کے انداز میں صحت مند تبدیلیاں لائی جائیں۔ یہ حقیقت اپنی جگہ کہ امراض قلب ہر عمر اور ہر صنف کے افراد کو موت کے اندھیروں میں دھکیل رہا ہے لیکن امراض قلب پر قابو ممکن ہے دنیا کا ہر انسان امراض قلب کے انتہائی امکانات رکھنے کے باوجود ان سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ (ماہنامہ نبض کراچی)

☆☆☆

پن چکی کی ایجاد

پن چکی کی ایجاد اور اس صنعت کی ترقی بحستان (افغانستان) میں ہوئی تھی۔ نویں صدی میں بنوموسیٰ نے کتاب الحیل میں اس کا ذکر کیا ہے۔ مسعودی نے مروج الذھب (947ء) میں پن چکی کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس کے ذریعے پانی کنوؤں سے سطح زمین پر باغوں کی آبیاری کے لیے لایا جاتا تھا۔ الاصطخری نے المسالک والممالک (قاہرہ 1961ء) میں لکھا ہے کہ سیستان میں پن چکیاں دسویں صدی میں کثیر تعداد میں زیر استعمال تھیں۔ سر ولیم میور (Muir) نے اپنی کتاب خلافت (1915ء The Caliphate) میں لکھا ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ کے عہد خلافت میں عرب میں پن چکی تھی۔ الدمشقی نے اپنی کتاب نخبۃ الدھر میں لکھا ہے کہ پن چکیاں قلعوں کے میناروں پر یا پہاڑوں کی چوٹیوں پر تعمیر کی جاتی تھیں۔ پن چکی کے خانے میں چکی کے پاٹ (Mill Stone) ہوتے تھے اور زیریں خانے (Lower Chamber) میں روٹر (Rotor) ہوتے تھے۔ اس کا محور (Axle) عمودی ہوتا تھا۔ اس میں چھ یا بارہ پنکھے ہوتے تھے۔ یورپ میں اس کا ذکر 1105ء کے فرانسیسی چارٹر (French Charter) میں ملتا ہے۔

پن چکیاں پانی نکالنے کے علاوہ آٹا پیسنے کی چکیاں چلانے میں بھی استعمال ہوتی تھیں۔ مصر میں گنے کو کچلنے کے لئے بھی انہیں استعمال کیا جاتا تھا۔ ویسٹ انڈیز (گیانا، ٹرینی ڈاڈ) میں پن چکیاں مصر کے کاریگروں ہی نے لگائی تھیں جن کو شکر بنانے میں استعمال کیا جاتا تھا۔

مسلمان جغرافیہ دانوں نے اپنی کتاب میں محراب والے پکی اینٹوں یا پتھروں کے پلوں کا بھی ذکر کیا ہے جو اسلامی عہد سے قبل رومن یا ساسانی عہد سے تعلق رکھتے تھے۔

الادریسی نے قرطبہ میں دریائے وادی الکبیر پر رومن عہد کے بہت سے محراب والے پل کا ذکر کیا ہے (راقم الحروف نے 1999ء میں سپین کی سیاحت کے دوران اس پل پر چل کر وادی الکبیر کا نظارہ کیا تھا)۔ ابن حوقل نے عراق میں سانجا کے مقام پر 112 فٹ لمبے پل کا ذکر کیا ہے۔ الاصطخری نے ایران میں دریائے ٹب پر اس پل کا ذکر کیا ہے جو اموی گورنر الحجاج (674ء) کے طبیب کا بنایا ہوا تھا۔ القزوینی نے اپنی کتاب آثار البلاد مصنفہ 1276ء میں خوزستان میں ازہاج کے مقام پر ساسانی پل کے بارے میں لکھا ہے جس میں صرف ایک محراب تھی۔ المقدسی نے دمشق میں پانی کے ایک خوبصورت فوارے کا حوالہ دیا ہے۔ دو سال بعد ابن جبیر نے ایسے ہی ایک فوارے کا تذکرہ کیا ہے جس میں پانی اوپر کی طرف جاتا تھا جیسے درخت کی شاخیں۔ اس نے جیرون گیٹ کے باہر تعمیر ہونے والے گھڑیال کا بھی تفصیل سے ذکر کیا ہے جو بارھویں صدی میں تعمیر ہوتے ہوئے اس نے خود دیکھا تھا۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 61613 میں محمد نواز

ولد عبدالحمید قوم مانگٹ پیشہ تجارت عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بھڑی شاہ رحمان ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 8-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حصہ از مکان مالیتی -/150000 روپے۔ 2۔ دوکان مالیتی -/80000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500 روپے ماہوار بصورت تجارت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد نواز گواہ شد نمبر 1 ذوالفقار علی وصیت نمبر 30397 گواہ شد نمبر 2 سلطان احمد وصیت 22289

مسل نمبر 61614 میں مزمل یوسف

ولد ارشد احمد مرحوم قوم چوہان پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مدرسہ چٹھہ ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 9-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد مزمل یوسف گواہ شد نمبر 1 عطاء العلیم شاہد ولد میاں عبداللطیف مرحوم گواہ شد نمبر 2 ناصر احمد ولد علی محمد

مسل نمبر 61615 میں عادل رحمان

ولد صفدر چٹھہ قوم چٹھہ پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مدرسہ چٹھہ ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 9-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عادل رحمان گواہ شد نمبر 1 عطاء العلیم شاہد ولد میاں عبداللطیف مرحوم گواہ شد نمبر 2 خرم رحمان ولد مظفر احمد

مسل نمبر 61616 میں مقصود احمد بھٹی

ولد نسیم احمد بھٹی قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گرمولہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 20-3-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد مقصود احمد بھٹی گواہ شد نمبر 1 نعیم احمد ساقی فریدی ولد عبدالباقی گواہ شد نمبر 2 خواجہ عبدالمالک ولد محمد عمر مرحوم

مسل نمبر 61617 میں محمود احمد

